RESOLUTION

Session No. 9th
Notice No. 221
Received Time: 3:40
Received Date 11/8/2026
From Mr/Ms. عبیدالرحمان MPA
Receiver Sign:

Fresh Notice No. 221
passed unanimously
in suspension of Rules

قرارداد

موضوع: اسلام آباد میں مساجد کی مسماری اور شراب خانوں کے لائسنس جاری کرنے کی شدید مذمت

یہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کا معزز ایوان انتہائی افسوس اور تشویش کے ساتھ اس امر کی سخت مذمت کرتا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں حکومتِ وقت کی جانب سے اللہ تعالیٰ کے گھروں (مساجد) کو مسمار کیا جا رہا ہے جبکہ بیک وقت شراب خانوں کے لائسنس جاری کیے جا رہے ہیں۔ یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ مساجد کی مسماری قرآن و سنت کی تعلیمات، آئینِ اسلامی جمہوریہ پاکستان، قراردادِ مقاصد اور ملتِ اسلامیہ کے مذہبی جذبات کی کھلی توہین ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ کے ذکر کو روکے اور ان کی ویرانی کی کوشش کرے" (البقرہ:114)

شراب کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"اے ایمان والو! شراب، جوا، بت اور پانسے شیطان کے گندے کام ہیں، سو ان سے بچو تاکہ تم فلاح پاؤ" (المائدہ:90)

یہ ایوان سمجھتا ہے کہ یہ اقدامات اسلامی تشخص پر براہِ راست حملہ، آئینی و شرعی اصولوں کی خلاف ورزی اور عوام کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ:

1. اسلام آباد میں مساجد کی مسماری فی الفور بند کی جائے۔

2. شراب خانوں کے تمام جاری شدہ لائسنس فوری طور پر منسوخ کیے جائیں۔

3. پاکستان کے اسلامی تشخص، آئینی اسلامی دفعات اور عوام کے مذہبی جذبات کے تحفظ کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔

(2) PK-3

(1) PK-17

عبیدالرحمان

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

(3) MPA PK-66

(4) MPA PK-12

(6) MPA PK-89

(5) Iftikhar Ullah Jan PK-64

# قرارداد

موضوع: اسلام آباد میں مساجد کی مسماری اور شراب خانوں کے لائسنس جاری کرنے کی شدید مذمت

یہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کا معزز ایوان انتہائی افسوس اور تشویش کے ساتھ اس امر کی سخت مذمت کرتا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں حکومتِ وقت کی جانب سے اللہ تعالیٰ کے گھروں (مساجد) کو مسمار کیا جارہا ہے جبکہ بیک وقت شراب خانوں کے لائسنس جاری کیے جارہے ہیں۔ یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ مساجد کی مسماری قرآن وسنت کی تعلیمات، آئینِ اسلامی جمہوریہ پاکستان، قراردادِ مقاصد اور ملتِ اسلامیہ کے مذہبی جذبات کی کھلی توہین ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ کے ذکر کو روکے اور ان کی ویرانی کی کوشش کرے" (البقرہ:114)

شراب کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"اے ایمان والو! شراب، جوا، بت اور پانسے شیطان کے گندے کام ہیں، سو ان سے بچو تاکہ تم فلاح پاؤ" (المائدہ:90)

یہ ایوان سمجھتا ہے کہ یہ اقدامات اسلامی تشخص پر براہِ راست حملہ، آئینی و شرعی اصولوں کی خلاف ورزی اور عوام کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ:

1. اسلام آباد میں مساجد کی مسماری فی الفور بند کی جائے۔

2. شراب خانوں کے تمام جاری شدہ لائسنس فوری طور پر منسوخ کیے جائیں۔

3. پاکستان کے اسلامی تشخص، آئینی اسلامی دفعات اور عوام کے مذہبی جذبات کے تحفظ کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔

عبیدالرحمان

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا